ہلاک ہونے والوں میں ڈی ایس پی اور دو زیر حراست ملزمان بھی شامل' واقعہ اس وقت پیش آیا جب پولیس ٹیم زیر حراست ملزمان کو لیکر جا رہی تھی کہ نامعلوم مسلح افراد نے اچانک حملہ کر دیا

کوہاٹ دہشتگردوں کا پولیس موبائل پر حملہ 5 اہلکاروں سمیت 7 افراد شہید

پولیس اور دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ بھی ہوا' شہداء میں انسپکٹر انار گل خان، ایک گن مین، ریڈر اور ڈرائیور شامل' متعدد اہلکار زخمی' جنہیں اسپتال منتقل کر دیا گیا

دہشت گردوں نے حملے کے بعد پولیس موبائل کو بھی آگ لگا دی' آگ لگا دی' فائرنگ کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا اور سیکورٹی ہائی الرٹ کر دی گئی' وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی' گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی پولیس گاڑی پر فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے حملے کی پرزور مذمت' دکھ کی گھڑی میں شہید ڈی ایس پی اسد محمود اور شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں: وزیر داخلہ محسن نقوی

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی حملے کی شدید مذمت' آئی جی پولیس سے واقعے کی رپورٹ طلب' شہداء کا لہو رائیگاں نہیں جائیگا' خیبر پختونخوا پولیس دہشت گردی کے خلاف پہلی دفاعی لکیر ہے: سہیل آفریدی

کوہاٹ (نیوز ڈیسک) کوہاٹ میں پولیس موبائل پر فائرنگ سے ڈی ایس پی سمیت 5 اہلکار اور دو شہری شہید ہو گئے۔

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 2

کوہاٹ (نیوز ڈیسک) کوہاٹ میں پولیس موبائل پر حملے میں ڈی ایس پی سمیت 5 اہلکار شہید اور دو زیر حراست ملزمان ہلاک ہو گئے۔ ڈی پی او کوہاٹ کے مطابق نواحی علاقے شکر درہ روڈ پر پولیس موبائل کو نشانہ بنایا گیا جس کے نتیجے میں ڈی ایس پی لاپتی سمیت 5 اہلکار شہید اور تین اہلکاروں سمیت 4 افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ اس وقت پیش آیا جب پولیس ٹیم ایک زیر حراست ملزمان کو کرم سے کوہاٹ منتقل کر رہی تھی' معلوم ہوا کہ نامعلوم مسلح افراد نے اچانک حملہ کر دیا، پولیس اور

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 1

رحیم یار خان: ڈپٹی کمشنر ظہیر الورچہ، مسائل بازار کے دورہ پر ایکسپائرڈ اشیاء کے لئے جاری کارروائی کی پیشرفت کا جائزہ، ایکسین طیفی کونسل، رینگ اسٹاف موجود ہیں

ضلعی انتظامیہ اور پیر افروس کی چک 88 پی میں مشترکہ کارروائی

سرکاری اراضی اور عوامی گزرگاہوں پر قائم غیر قانونی تھڑے اور عارضی تجاوزات مسمار

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 4

نجی ہسپتال کے ڈاکٹر کے غلط انجکشن لگانے سے نومولود کی ہلاکت

ورثاء کی شکایت پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ نے نجی ہسپتال سیل کر دیا

رحیم یار خان (کرائم رپورٹر) نجی ہسپتال کے ڈاکٹر کے غلط انجکشن لگانے سے نومولود کی ہلاکت ورثاء کی شکایت پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 5

Online-www.dailysaafsaf.com Email-dailysaafsaf@yahoo.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED رحیم یار خان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

Daily SAAF SAAF Rahim Yar Khan

روزنامہ صدف صدف رحیم یار خان پاکستان

چیف ایڈیٹر حبیب اللہ ملک

ایڈیٹر: انجینئر شہریار ملک

0345/0334-8676363

جلد نمبر 25 | بروز بدھ 25 فروری 2026ء 07 رمضان المبارک 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 207

آگ میں جلا کے شہید کیے جانیوالے فیڈرل کانسٹیبلری کے تمام اہلکار خیبر پختونخوا کے مقامی تھے' خوارج نے اس واقعے کی پوری فلم بندی کر کے اُس کو سوشل میڈیا پر ڈال دیا

فتنہ الخوارج نے زخمی ایف سی اہلکاروں کو لے جانیوالی ایمبولینس کو آگ لگا دی

رمضان کے مقدس مہینے میں خوارج کی جانب سے ایک سافٹ ٹارگٹ کو چنا جانا اور زخمیوں کے ساتھ ظلم ایک کھلی بربریت اور اسلام کے منافی عمل ہے' 23 فروری 2026 کو کرک کے علاقے قلعہ شہیدان میں فیڈرل کانسٹیبلری کی پوسٹ پر فتنہ الخوارج نے کوڈ کا پٹر سے حملہ کیا' حملے کے بعد ریسکیو 1122 کی دو ایمبولینس زخمیوں کو لینے پوسٹ پر پہنچیں لیکن واپسی پر دونوں ایمبولینس پر فتنہ الخوارج نے حملہ کر دیا جس میں ایک ایمبولینس کو آگ لگا کر مریضوں سمیت جلا دیا گیا جبکہ دوسری ایمبولینس زخمیوں کو بحفاظت نکالنے میں کامیاب ہو گئی' آگ لگنے کی وجہ سے ایمبولینس کا ڈرائیور اور ریسکیو 1122 کا ایک اہلکار بھی جھلس گیا

آگ میں جل کے شہید ہونیوالے زخمی اہل کاروں میں فیڈرل کانسٹیبلری کے سپاہی مراد گل، شہید اور سپاہی ایمان خان اور لانس نائیک عادل خان شامل' سپاہی مراد گل شہید اور سپاہی ایمان خان شہید کا تعلق خیبر پختونخوا کے ضلع ہنگو سے تھا اور لانس نائیک عادل خان شہید کا تعلق خیبر پختونخوا کے ضلع ٹانسہ سے تھا

جبکہ دیگر زخمیوں میں حوالدار صابر ولد حکیم شاہ، محمد یوسف ولد شربت خان، حنیف ولد گل زرین اور ایمبولینس ڈرائیور احمد حسین شامل' اسلام میں جنگ کے دوران بھی زخمیوں پر حملہ کرنا اور انہیں نقصان پہنچانا حرام ہے' فتنہ الخوارج نے مقامی پختونوں کو نشانہ بنا کر ایک بار پھر واضح کر دیا ہے کہ ان خناس کا دین اسلام سے کوئی تعلق نہیں اور یہ جہنم کے کتے ہیں

کرک (نیوز ڈیسک) فتنہ الخوارج نے فیڈرل کانسٹیبلری (ایف سی) کے زخمی اہلکاروں کو لے جانے والی ریسکیو 1122 کی ایمبولینس کو آگ لگا کر ان مریضوں کو زندہ جلا دیا۔ آگ میں جلا کے شہید کیے جانے والے فیڈرل کانسٹیبلری کے تمام اہلکار خیبر پختونخوا کے مقامی تھے۔ خوارج نے اس واقعے کی پوری فلم بندی کر کے اس کو سوشل میڈیا پر ڈال دیا، اس طرح کی بربریت سے خوارجین کا ایک ہی مقصد ہے کہ عوام میں خوف و دہشت پھیلائی جا سکے، رمضان کے مقدس مہینے میں خوارج کی جانب سے ایک سافتہ ٹارگٹ کو چنا جانا اور زخمیوں کے ساتھ ظلم ایک کھلی بربریت اور اسلام کے منافی عمل ہے۔ تفصیلات کے مطابق 23 فروری

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 3

یونین کونسلوں کے سیکرٹریز نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات کو چیلنج کر دیا

بنیادی شہری دستاویزات کی مد میں رشوت وصولی کے انکشافات' افسران لاعلم نکلے' سیکرٹریز یونین کونسلز کلرک اور درجہ چہارم کا عملہ کاغذ جوڑ' ہاتھ غوٹیک اور کمپیوٹرائزڈ ٹائم ٹیبل جاری کرنے کے رشیس فکس ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ سمیت دفتر میں بیٹھے افسران کا پیٹ بھرنے کیلئے زائد فیسیں وصول کرتے ہیں' سیکرٹریز کی "آف دی ریکارڈ" گفتگو

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) یونین کونسلوں کے سیکرٹریز نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات کو چیلنج کر دیا، بنیادی شہری

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 6

رحیم یار خان: سیکرٹریز یونین کونسلز راشد بخاری، جنید نواز، رئیس اشفاق، منظور حیات اور شفیق کا لکی فائل فوٹو جبکہ محکمہ لوکل گورنمنٹ کے شیڈول رشیس

راجن پور اپنا بینک کا زیورات میں فراڈ پولیس نے برانچ سیل کر دی

ایک سال قبل اپنے پانچ تولہ سونے کے زیورات قرض کے حصول کے لیے "اپنا بینک" راجن پور میں رہن رکھوائے تھے' جس کے عوض دس لاکھ روپے دیئے گئے

قرض کی رقم بھوسہ مود جو کہ 12 لاکھ 13 ہزار 800 روپے بنتی تھی ادا کر کے اپنے زیورات واپس لینے پہنچے تو بینک انتظامیہ نے اصل زیورات کی بجائے جعلی زیورات واپس کرنے کی کوشش کی' محرر بیم

راجن پور (کرائم رپورٹر) راجن پور اپنا بینک کا فراڈ' غریب محرر بیم ولد غلام حسین قوم راہا پتر' اسکو فوٹو شرشر ثرثری نے میڈیا سے

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 7

راجن پور: اپنا بینک میں رہن رکھوائے جانیوالے اصل زیورات جبکہ بینک کی جانب سے واپس کردہ جعلی زیورات

نذر حسین پنوار کی حالیہ دہشت گردی کے واقعات کی شدید مذمت

دہشت گردوں کیخلاف کارروائیاں قومی سلامتی کیلئے ناگزیر ہیں

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) چیئرمین مرکزی امام بارگاہ حیدری ٹرسٹ و ممبر قومی امن کمیٹی نذر حسین بخاری الاہ بچے نے ملک میں حالیہ دہشت گردی کے واقعات کی

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 14

نامعلوم شخص نے کماد کی فصل کے قریب موجود کپاس والی کھڑیوں کو آگ لگا دی

رحیم یار خان (کرائم رپورٹر) نامعلوم شخص نے کماد کی فصل کے قریب موجود کپاس

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 15

اشیائے ضروریہ کے نرخوں کو کنٹرول کرنے کیلئے ضلعی انتظامیہ کے اقدامات جاری

ڈپٹی کمشنر راجن پور عمران حسین کی زیر صدارت انجمن تاجران اور کمی ویجنی ڈیلرز کا اجلاس

راجن پور (ملک سلیم کھوی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق اشیائے ضروریہ کے نرخوں کو کنٹرول

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 16

حکومت پنجاب تعلیمی میدان میں انقلابی اقدامات اٹھا رہی ہے

صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی خدمہ سید عثمان محمود سے ملاقات میں گفتگو

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) حکومت پنجاب تعلیمی میدان میں انقلابی اقدامات اٹھا رہی ہے تاکہ سرکاری تعلیمی اداروں کو کھلی شبیہ

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 17

کچہ قتل کیس برطرف دو سابق سب انسپکٹرز بھی مقدمہ میں نامزد

مقتول کے ورثاء نے پنچایت میں مرکزی ملزم کو ایک کروڑ 45 لاکھ روپے دیت وصول کر کے مقتول کا قتل معاف کیا تھا

سب انسپکٹر یوز اواز دلہ اور سیف انسپکٹر سیف اللہ کھٹی کو کچہ رحمانی ڈاکوؤں کی سہولت کاری کا جرم ثابت ہونے پر کوئٹہ سے برطرف کر دیا گیا تھا

رحیم یار خان (کرائم رپورٹر) کچہ کے ڈاکو کی فائرنگ سے نوجوان کے قتل کا معاملہ پولیس نے درج مقدمہ کے نامزد ملزم کو ایک کروڑ 45 لاکھ روپے دیت وصول کر کے مقتول کا قتل معاف کیا تھا

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 8

طالبہ کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کرنے والے شہری کے خلاف کارروائی شروع

رحیم یار خان (کرائم رپورٹر) طالبہ کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کرنے والے شہری کے

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 10

ڈسٹرکٹ پریس کلب اور باڈی بالیکس جم کے درمیان ایم او یو سائن

پریس کلب کے ممبران کو جم اور ایملیتھ سرمز پر 50 فیصد رعایت دی جائے گی

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ پریس کلب (رجسٹرڈ) رحیم یار خان میں باڈی بالکس جم، ایملیتھ اینڈ بیوٹی کلینک کے

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 9

رحیم یار خان: صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب، راؤ انصار اسلم اور باڈی بالکس جم کے سی ای او ڈاکٹر ذیشان اعظم ایم او یو پر دستخط کرنے کے بعد ہاتھ ملا کر جپھی ڈال رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پلاننگ اینڈ ڈیزائن کمیٹی کا اجلاس

ترقیاتی منصوبہ جات کے ڈیزائن، پلاننگ اور معیار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

رحیم یار خان (چیف آفس) ڈپٹی کمشنر ظہیر الورچہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پلاننگ اینڈ ڈیزائن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ترقیاتی منصوبہ جات کے ڈیزائن، پلاننگ اور معیار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 20

جائز منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی ڈپٹی کمشنر

جرمانے کرنا انتظامیہ یا حکومت کا مقصد نہیں بلکہ حکومت کا اصل مقصد اشیائے ضروریہ کی مقررہ نرخوں پر دستیابی کو یقینی بنانا ہے

کارکردگی پر توجہ نہ دینے والے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی ضلع میں کوئی گنجائش نہیں: ظہیر الورچہ کا اجلاس سے خطاب

رحیم یار خان (ویٹا آؤٹ) ڈپٹی کمشنر ظہیر الورچہ کی زیر صدارت پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع بھر کے تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی انتظامی

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 13

رحیم یار خان: ڈپٹی کمشنر ظہیر الورچہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پنجاب ویٹ لیک (PIFTAC) قائم کرنیوالا پہلا صوبہ بن گیا

صوبے کے داخلی اور خارجی راستوں پر جدید ترین سیٹیلائٹ ڈیجیٹل سکنر لگانے کی ہدایت

لاہور (چیف آؤٹ) پنجاب ویٹ لیک (PIFTAC) قائم کرنے والا پہلا صوبہ بن گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 18

رحیم یار خان: سموبی ایریا مجسٹریٹ ہیلتھ سے سابق کمیونٹی اسکول خدیجہ حسین کو ہراسانی اور دھمکیاں دینے کا الزام کا سامنا کر رہے ہیں

CEO ایجوکیشن اتھارٹی ڈاکٹر اعظم نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

سی ای او آفس پہنچنے پر ایپکا کے ضلعی صدر محبوب خان دفتری عملے اور افسران کی جانب سے پرتپاک استقبال' گلدستے پیش کیے

ضلع بھر میں معیار تعلیم کی بہتری اولین ترجیح' تعلیمی نظام کو مؤثر اور شفاف بنانے کیلئے تمام صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے: ڈاکٹر اعظم رانا

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) سے تعینات ہونے والے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی رحیم یار خان ڈاکٹر محمد اعظم رانا نے اپنے عہدے کا باقاعدہ چارج سنبھال لیا، سی ای او آفس

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 12

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری میاں وسیم مجیب، ڈپٹی ڈی ای او ڈاکٹر لال عباس، ڈپٹی ڈی ای او ایلیمنٹری ریاض احمد بھٹہ، ملک رب نواز، ایپکا کے ضلعی صدر محبوب احمد خان و دیگر کا سے تعینات ہونے والے سی ای او ایجوکیشن ڈاکٹر اعظم رانا کا استقبال کرتے ہوئے گروپ فوٹو۔

راجن پور کریمنل جسٹس کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

فوجداری مقدمات رپورٹ زیر دفعہ 173 ض ف بر خلاف ملزمان تاخیر سے داخل کرنے کی وجوہات کا جائزہ لیا گیا

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اعظم رانا کی تاخیر کو فی الفور ختم اور زیر سماعت مقدمات میں گواہان کو بروقت پیش عدالت کرنے کا حکم

راجن پور: ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اعظم رانا کی کریمنل جسٹس کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

راجن پور: ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اعظم رانا کی کریمنل جسٹس کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

راجن پور: ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اعظم رانا کی کریمنل جسٹس کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔ سربراہی میں کریمنل جسٹس کوآرڈینیشن کمیٹی ماہ جنوری 2026 کی میٹنگ ہوئی جس میں عمران حسین رانجھا ڈپٹی کمشنر راجن پور،

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 11

رحیم یار خان: سابق ایم پی اے چوہدری محمود الحسن بیدہ مستحق افراد میں ہیوی چیک تقسیم کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ مریم نواز پنجاب کی ترقی کیلئے دن رات کوشاں ہیں: محمود الحسن

چک 85 پی میں مستحق افراد میں بذریعہ چیک ہیوی چیک تقسیم کرنے کی تقریب

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ نون کے ضلعی سینئر نائب صدر و سابق ایم پی اے چوہدری محمود الحسن بیدہ

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 19

عمدہ اور لذیذ مٹھائیوں کا مرکز

جالندھر سویٹس اینڈ بیکرز

شاہی روڈ رحیم یار خان فون 068-5885900

01 پنجیم

دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا، واقعے میں دو زخمی حراست طزان بھی جان کی بازی ہار گئے۔ شہداء میں انسپکٹر اندرگل خان، ایک کنٹین مین ریڈر اور ڈرائیور شامل ہیں۔ متعدد اہلکار بھی زخمی ہوئے جنہیں اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق دہشت گرد کبھی آگ لگا دی اور فرار ہو گئے۔ فائرنگ کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا اور سیکیورٹی ہائی الرٹ کر دی گئی، پولیس کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ کوہاٹ سے اضافی پولیس نفری بھی متاثرہ علاقے میں بھیجا دی گئی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، گورنر خیبر پختونخوا، فیصل کریم کنڈی نے کوہاٹ کے واقعے کا شدید افسوس ظاہر کیا اور رپورٹ طلب کر لی ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ دہشت گردی کی شدید مذمت کی جاتی ہے، خیبر پختونخوا پولیس دہشت گردوں کے خلاف بھرپور کارروائی کیلئے پر عزم ہے جس کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔

02 پنجیم

پولیس حکام کے مطابق کوہاٹ کے نواحی علاقے شکردرہ کے مقام پر دہشت گردوں کی جانب سے پولیس موبائل پر فائرنگ کی گئی۔ ڈی پی او شہباز الٰہی نے تصدیق کی کہ پولیس موبائل پر دہشت گرد حملے میں ڈی ایس پی اسد محمود، ایس آئی اے نرگل سمیت 5 اہلکار شہید ہوئے، شہداء میں 2 خیبر پختونخوا شامل ہیں جبکہ 3 اہلکار زخمی بھی ہوئے ہیں جنہیں اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق دہشت گردوں نے حملے کے بعد پولیس موبائل کو بھی آگ لگا دی اور موقع سے فرار ہو گئے جبکہ پولیس کی بھاری نفری موقع پر طلب کر لی گئی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کوہاٹ کے علاقے میں پولیس گاڑی پر دہشت گرد کے دہشت گردوں کے حملے کی پرزور مذمت کی اور جام شہادت نوش کرنے والے ڈی ایس ایس اسد محمود اور اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے شہید ڈی ایس ایس اسد محمود اور شہداء کے خاندانوں سے اور زخمیوں کے لئے محسن نقوی کا کہنا تھا کہ ڈی ایس ایس اسد محمود اور دونوں اہلکاروں نے شہادت کا عظیم رتبہ پایا، شہید ڈی ایس ایس اسد محمود اور دونوں اہلکاروں نے آج قوم کے کل پر قربان کیا، شہداء کی لازوال قربانیاں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ دکھ کی گھڑی میں شہید ڈی ایس ایس اسد محمود اور شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی جانب سے ڈی ایس پی او اہلکاروں کی شہادت پر خراج عقیدت پیش کیا گیا، انہوں نے آئی جی پولیس سے واقعے کی رپورٹ طلب کر لی اور کہا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔

03 پنجیم

2026 کو کرک کے علاقے تلہ شیدان میں فیڈرل کانسٹیبلری کی پوسٹ پر عقبہ الخوارج نے گرنیڈ کا ہیڈ سے حملہ کیا۔ حملے کے بعد رسکیو 1122 کی دو ایمبولینس ریسکیو ٹیمیں لیٹے پوسٹ پر پہنچیں لیکن واپسی پر دونوں ایمبولینس پر عقبہ الخوارج نے حملہ کر دیا جس میں ایک ایمبولینس کو آگ لگا کر مریضوں سمیت جلا دیا گیا جبکہ دوسری ایمبولینس ڈرائیور اور ریسکیو 1122 کا ایک اہلکار بھی جھلس گیا۔ آگ میں جل کے شہید ہونے والے دونوں اہلکار دوں میں فیڈرل کانسٹیبلری کے سپاہی مراد گل، سپاہی ایمان خان اور اللہ داد خان شامل ہیں۔ سپاہی مراد گل شہید اور سپاہی ایمان خان شہید کا تعلق خیبر پختونخوا کے ضلع ہنگو سے تھا اور اللہ داد خان کا تعلق خیبر پختونخوا کے ضلع کرک سے تھا جبکہ زخمیوں میں عمار اور صابر اللہ سمیت مزید دو یوسف اللہ مزمت خان، خلیف وللہ داد زرین اور ایمبولینس ڈرائیور احمد حسین شامل ہیں جو سارے خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع سے تھے اور اس وقت ہسپتال میں زیر علاج ہیں جنہیں علاج کے لیے پشاور لیے گئے ہیں۔ واقعہ الخوارج کے مختلف گروپوں نے قبول کر لیا ہے جس کی ذمہ داری تحریک طالبان پاکستان کے سرغنہ عمر خالد خراسانی نے قبول کر لی ہے